© rasailojaraid.com



(۳) اسی طرح علامہ عبدالرحمن الجزائری اختلاف مطالع کی توضیح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:
"اذاثبت رؤیة الهلال بقطرمن الاقطاروجب الصوم علی سائرالاقطار لافرق بین القریب من جهة الثبوت و البعیداذابلغهم من طریق موجب للصوم" (الفقہ علی مذاہب الاربعۃ ۱/۵۵۰)۔ (ترجمہ: جب چاند کی رؤیت دنیا کے کسی بھی کونے میں ثابت ہو جائے تو سب کونوں والوں پر روزہ واجب ہو جائے گا جس میں قریب وبعید کا کوئی فرق نہیں بشرطیکہ یہ اطلاع بطریقہ موجب شرعی پہنچ جائے۔ مذاہب اربعہ، مذہب اہل حدیث، مذہب ظاہری اور زمانہ حال کے عرب محققین جن کو دنیامیں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور ان کے فتویٰ کو تسلیم کیا جاتا ہے ان سب کی رائے اور فتویٰ یہ ہے کہ اختلاف مطالع اگرچہ مشاہدات اور سائنسی تحقیقات نے ثابت کیا کہ موجود ہیں مگر چونکہ شریعت محمدی ﷺ کافۃ للناس ہے یعنی جملہ انسانیت کے لئے دین ہے اور دین میں یسر (آسانی) رکھی گئی ہے۔ آپ ﷺ اپنے صحابہ کرامؓ کو نصیحت فرماتے تھے کہ "یسرواولاتعسروابشروا ولاتنفروا: (الحدیث)" کہ لوگوں پر آسانی کروان کو تکلیف میں نہ ڈالو"۔ تو چونکہ جملہ انسانیت میں شہری لوگ بھی شامل ہیں اور دیہاتی بھی حتیٰ کہ پہاڑ اور جنگل میں رہنے والے لوگ بھی اس میں داخل ہیں، شہری لوگوں کیلئے تو جدید آلات کے ذریعے معلوم ہو جائے گا مگر دیہاتی لوگ اس سے بے خبر ہونگے۔ لہذا فتویٰ اور ظاہر مذہب اور سب مذاہب کا متفقہ فیصلہ یہ ہے کہ اختلاف مطالع ہونے کے باوجود اس کا اعتبار نہیں، اہل مشرق کی رؤیت جب اہل مغرب کو بطریقہ شرعی پہنچ جائے تو قابل قبول ہے، چاہے قریب ہو یا بعید، ایک ریاست میں ہو یا مختلف ریاستوں میں، مگر ثبوت کے وقت ایک دن روزہ ہوگا اور ایک ہی دن عید ہوگی۔ اور اسی میں جملہ مسلمانوں کی اجتماعیت اور وحدت پنہاں ہے۔

یہاں تک تو مختصراً مذاہب کی تحقیق تھی آگے انشاء اللہ عدم اعتبار یعنی جمہور فقہاء کے دلائل پیش کیے جائیں گے۔ جن سے یہ حضرات استدلال کرتے ہیں۔

**عدم اعتبار کے دلائل:** تحقیق مذاہب جو ماقبل صفحات میں ذکر ہوئی، سے معلوم ہوا کہ اختلاف مطالع کا کوئی اعتبار نہیں، اہل مشرق کی رؤیت اہل مغرب کیلئے اور اہل مغرب کی رؤیت



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


# مصنف ابن ابی شیبہ کی طباعت کے بعد

فرمودات رسول اکرم ﷺ اور اسوۂ حسنہ کی لازوال روشنی سے قلوب اور زندگیوں کو منور رکھنے والے اہل ایمان کیلئے ایک عظیم خوشخبری

## ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان کی تاریخ ساز پیشکش

تقریباً نصف لاکھ احادیث کا عظیم ذخیرہ

# کنز العمال

فی سنن الاقوال والافعال

للعلامۃ علاء الدین علی المتقی الحنفیؒ
(المتوفی ۹۷۵)

صرف 3450 روپے میں

مقدمہ وتعارف

شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ
علامہ حضرت مولانا محمد انور شاہ کشمیریؒ
علامہ عبدالحئیؒ حسنی لکھنویؒ

| | | |
|---|---|---|
| 13 ہزار صفحات | کامل 18 جلدیں | بیروتی طبع کے نسخہ کا اعلیٰ عکسی فوٹو |
| اعلیٰ کاغذ، جلی قلم | تصحیح کے خصوصی اہتمام | اور جدید اضافہ وحاشیہ کے ساتھ |
| ہند وپاک میں پہلی بار | قیمت کامل سیٹ 6900 روپے | خاص رعایت پیشگی رقم ارسال کرنے والے کو |

ملنے کا پتہ: ادارہ تالیفات اشرفیہ، بیرون بوہڑ گیٹ ملتان، فون 41501-540513

یکم محرم تک صرف نصف قیمت میں

دوسری عربی مطبوعات

السنن الکبریٰ بیہقی مع الجوھر النقی دس جلد
السنن الکبریٰ امام نسائی کامل چھ جلد
نسیم الریاض فی شرح الشفاء کامل چار جلد
اوجز المسالک شرح موطا مالک پندرہ جلد

پاکستان میں پہلی بار یہ کتابیں طبع ہو چکی ہیں

مکمل فہرست کتب مفت طلب کریں


© rasailojaraid.com